بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضٰى نَفْسِهٖ وَ زِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَ ادَ كَلِمَاتِهٖ [صحیح مسلم]

ترجمہ: 'اللہ کی تعریف اس کی مخلوق کی گنتی کے برابر اور اس کی ذات کی خوشنودی کے موافق اور عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر اس کی پاکی بیان کرتا ہوں'۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ . ترجمہ: 'اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما'۔ [مسلم]

قرآنی دعائیں

اور

مسنون دعائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآنی دعائیں

1 ﴿ رَبِّ اشْـرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ، وَیَسِّرْلِیّ اَمْرِیْ ، وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِسَانِیْ ، یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴾ [طٰہٰ:۲۵:۲۸]

'اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے،اور میرے لیے میرا کام آسان کردے،اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں'

2 ﴿ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴾ 'اے میرے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرما' [طٰہٰ : ۱۱٤]

3 ﴿ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ﴾ 'اے میرے رب! میرے والدین پر رحم فرما ،جس طرح انہوں نے بچپن میں مجھے پالا تھا' [بنی اسرائیل : ۲٤]

4 ﴿ رَبِّ اِنِّـی لِـمَـا اَنْـزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٍ ﴾ 'پروردگار! جو بھی خیر تو مجھ پر نازل کردے ،میں اس کا محتاج ہوں' [القصص:۲٤]

5 ﴿ رَبِّ لَا تَـذَرْنِـیْ فَـرْدًا وَّ اَنْـتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ﴾ 'اے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور بہترین وارث تو تُو ہی ہے' [الانبیاء:۸۹]

6 ﴿ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴾ 'اے میرے رب! درگزر فرما،اور رحم کر اور تُو سب رحیموں سے بڑھ کر رحیم ہے'[المؤمنون : ۱۱۸]

7 ﴿ اَعُـوْذُ بِـاللّٰهِ اَنْ اَكُـوْنَ مِـنَ الْجَاهِلِیْنَ ﴾ 'میں اس (بات) سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ جاہلوں سی باتیں کروُ' [البقرة : ٦٧]

8 ﴿ رَبِّ هَـبْ لِـیْ حُـكْـمًـا وَّ اَلْـحِـقْـنِـیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ، وَاجْعَلْ لِیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی

الْاٰخِـرِيْـنَ ، وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ، وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴾ ’اے میرے رب! مجھے حکم عطا کر اور مجھے صالحوں کے ساتھ ملا اور بعد کے آنے والوں میں مجھ کو سچی ناموری عطا کر اور مجھے نعمتوں بھری جنت کے وارثوں میں شامل فرما، اور مجھے دوبارہ جی اٹھنے کے دن رسوانہ کرنا‘ [الشـعـراء : ٨٣ تـا ٨٥،٨٧]

9 ﴿ رَبِّ انْـصُـرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴾ ’اے میرے رب! ان مفسدوں کے مقابلے میں میری مدد فرما‘ [العنكبوت:٣٠]

10 ﴿ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ ﴾ ’اے میرے رب! میرے لئے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا‘ [التحريم]

11 ﴿ رَبِّ اَنْـزِلْـنِـيْ مُـنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴾ ’پروردگار! مجھ کو برکت والی جگہ اتار اور تو بہترین جگہ اتارنے والا ہے. [المؤمنون:٢٩]

12 ﴿ لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ، اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴾ ’نہیں ہے کوئی الٰہ مگر تو، پاک ہے تیری ذات، بےشک میں ہی ظالموں میں سے ہوں‘ [الانبياء : ٨٧]

13 ﴿ اَنِّيْ مَسَّـنِـيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴾ ’(اے میرے رب!) مجھے بیماری لگ گئی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے‘ [الانبياء : ٨٣]

14 ﴿ رَبِّ جَـعَـلْـنِـيْ مُـقِيْـمَ الـصَّـلٰـوةِ وَمِنْ ذُرِّيَتِيْ ، رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ، رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِـوَالِـدَيَّ وَلِـلْـمُؤمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ﴾ ’اے میرے پروردگار! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد کو بھی۔ اے ہمارے رب! دعا قبول کر۔ پروردگار! مجھے اور میرے والدین کو اور سب ایمان لانے والوں کو اُس دن معاف کر دینا جب حساب قائم ہوگا‘ [ابراهيم : ٤٠-٤١]

15 ﴿ رَبِّ اَوْزِعْـنِـيْٓ اَنْ اَشْـكُـرَ نِـعْـمَتَكَ الَّتِيْٓ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صٰلِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴾ ’اے میرے رب! مجھے قابو میں رکھ کہ میں

تیرے احسان کا شکرادا کرتا رہوں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا ہے اور ایسا عمل کروں جو تجھے پسند آئے اور اپنی رحمت سے مجھ کو اپنے صالح بندوں میں داخل کر' [النمل : ۱۹]

16 ﴿ رَبِّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اَسْئَلَکَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ط وَ اِلَّا تَغْفِرْلِیْ وَتَرْحَمْنِیْٓ اَکُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴾ 'اے میرے رب! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ وہ چیز تجھ سے مانگوں جس کا مجھے علم نہیں۔ اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور رحم نہ فرمایا تو میں برباد ہو جاؤں گا' [هود:٤٧]

17 ﴿ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴾ 'پروردگار! مجھ کو جہاں بھی تو لے جا سچائی کے ساتھ لے جا اور جہاں سے بھی نکال سچائی کے ساتھ نکال اور اپنی طرف سے ایک اقتدار کو میرا مددگار بنا دے' [بنی اسرائیل:۸۰]

18 ﴿رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ ، وَاَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴾ 'پروردگار! میں شیطان کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور اے میرے رب! میں تو اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں' [المؤمنون : ۹۷-۹۸]

19 ﴿ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ، اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴾ 'اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائیں ، اور ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے، اور میری اولاد کو بھی نیک بنا کر مجھے سکھ دے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں تیرے فرماں بردار بندوں میں سے ہوں' [الاحقاف:١٥]

20 ﴿ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ، تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴾ 'اے زمین و آسمان کے بنانے والے! تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا سرپرست ہے۔ میرا خاتمہ اسلام پر کر اور مجھے صالحین کے ساتھ ملا' [یوسف:١٠١]

21 ﴿ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور

ہمیں دنیا سے اٹھا تو اس حال میں کہ ہم تیرے تابع فرمان ہوں' [الاعراف:۱۲۶]

22 ﴿ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہماری خطاؤں سے درگزر فرما، اور ہمیں آتشِ دوزخ سے بچالے' [آل عمران:۱٦]

23 ﴿ رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرلَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْ ءٍ قَدِیْرٌ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لئے مکمل کر دے اور ہم سے درگزر فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے' [التحریم:۸]

24 ﴿ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا'

[البقرة:۲۰۱]

25 ﴿ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ، اِنَّهَا سَآءَ تْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴾ 'اے ہمارے رب! ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے۔ اس کا عذاب تو جان کا لاگو ہے وہ تو بہت ہی برا جائے قرار اور مقام ہے' [الفرقان:٦٥-٦٦]

26 ﴿ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴾ 'اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا'

[الفرقان:۷٤]

27 ﴿ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کیا، اب اگر تو نے ہم سے درگزر نہ فرمایا اور رحم نہ کیا تو یقیناً ہم خسارہ اٹھانے والوں سے ہو جائیں گے' [الاعراف:۲۳]

28 ﴿ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمارے قدم جما دے اور کافر قوم پر ہمیں فتح نصیب کر'

[البقرة:۲۵۰]

29 ﴿ رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَدُنْکَ رَحْمَۃً وَّ ھَیِّیْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴾ ’اے ہمارے رب! ہمیں اپنی خاص رحمت سے نواز اور ہمارا معاملہ درست کر دے‘ [الکھف:١٠]

30 ﴿ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَۃً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ، وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِکَ مِنَ الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴾ ’اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا اور اپنی رحمت سے ہمیں کافروں سے نجات دے‘

[یونس:٨٥-٨٦]

31 ﴿ رَبَّنَا عَلَیْکَ تَوَکَّلْنَا وَاِلَیْکَ اَنَبْنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ﴾ ’اے ہمارے رب! تیرے ہی اوپر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رجوع کر لیا اور تیرے ہی حضور پلٹنا ہے‘

[الممتحنۃ : ٤]

32 ﴿ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً ، اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ﴾ ’پروردگار! جب تو ہمیں سیدھے رستے پر لگا چکا ہے تو پھر ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا، اور ہمیں اپنے خزانہ فیض سے رحمت عطا کر کہ تو ہی فیاض حقیقی ہے‘ [اٰل عمران:٨]

33 ﴿ رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰھِدِیْنَ ﴾ ’مالک! جو تو نے فرمان نازل کیا ہے ہم نے اسے مان لیا اور رسول کی پیروی قبول کی، ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے ۔ [اٰل عمران : ٥٣]

34 ﴿ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّکَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴾ ’اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان سب بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لیے کوئی بغض نہ رکھ۔ اے ہمارے رب! تو بڑا مہربان اور رحیم ہے‘ [الحشر:١٠]

35 ﴿ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ ﴾ ’اے ہمارے رب! ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر فرما۔ ہمارے کام میں تیری حدود

سے جو تجاوز ہو گیا ہو اُسے معاف فرما اور ہمارے قدم جما دے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما'

[ال عمران :۱٤۸]

36 ﴿ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَسِيْنَآ اَو اَخْطَانَا ' رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ' رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ' وَاعْفُ عَنَّا ' وَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا ' اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں ان پر گرفت نہ کر اور ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال، جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ پروردگار! جس بار کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے وہ ہم پر نہ رکھ، ہمارے ساتھ نرمی کر، ہم سے درگزر فرما، ہم پر رحم کر، تو ہمارا مولا ہے، کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما' [البقرة:٢٨٦]

37 ﴿ رَبَّنَا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ' رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ' اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہمارے گناہ معاف فرما دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور فرما دے اور ہمیں نیکوکاروں کے ساتھ فوت کرنا، اے ہمارے رب! ہمیں وہ عطا کر جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا' [آل عمران:١٩٣-١٩٤]

38 ﴿ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ' عَلَيهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴾ 'مجھے اللہ ہی کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اس پر بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے' [سورة التوبة :١٢٩]

39 ﴿ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ' اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ' وَتُبْ عَلَيْنَا ' اِنَّكَ اَنْتَ التَّوابُ الرَّحِيْمُ ﴾ 'اے ہمارے رب! ہم سے یہ خدمت قبول کر لے، تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے اور ہماری کوتاہیوں سے درگزر فرما۔ تو بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے'

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسنون دعائیں

1 [اَللّٰھُمَّ فَقِّھْنِی فِی الدِّیْنِ] ترجمہ: ”اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما“ (بخاری)

2 [اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِی حِسَابًا یَّسِیْرًا] ترجمہ: ”اے اللہ! میرے حساب کو آسان فرما دے“ (مستدرک حاکم)

3 [یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ عَلٰی دِیْنِک] ترجمہ: ”اے دِلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ“ (ترمذی)

4 [یَامُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قَلْبِیْ عَلٰی طَاعَتِک] ترجمہ: ”اے دِلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنی اطاعت پر پھیر دے“ (مسلم)

5 [اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِی مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ] ترجمہ: ”اے اللہ! میرے دل میں ہدایت ڈال دے، اور مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا“ (ترمذی)

6 [اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ] ترجمہ: ”اے اللہ! موت کی سختیوں اور اُس سے طاری ہونے والی بے ہوشیوں میں میری مدد فرما“ (ترمذی)

7 [اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ] ترجمہ: ”اے اللہ! تو معاف کرنے والا، کرم کرنے والا ہے۔ اور معاف کرنے کو پسند کرتا ہے سو میرے گناہ معاف کردے“

(ترمذی)

8 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالعَفَافَ وَالْغِنٰی] ترجمہ:''اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ہدایت، پرہیز گاری، عفت اور (لوگوں سے) بے پرواہی مانگتا ہوں'' (مسلم)

9 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا طَیِّبًا وَ عَمَلًا مُتَقَبَّلًا] ترجمہ:''اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم، اور پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں'' (مشکٰوۃ)

10 [اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ]
ترجمہ:''اے اللہ! مجھ پر میرے بڑھاپے اور میری عمر کے ختم ہونے تک اپنا رزق کشادہ رکھنا'' (الحاکم)

11 [اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ] ترجمہ:''اے اللہ! میری کفایت کر اپنے حلال کردہ کے ساتھ، اپنے حرام کردہ سے (بچا کر) میری کفایت کر اور مجھے اپنے فضل سے اپنے سوا ہر کسی سے بے پرواہ کردے'' (ترمذی)

13 [اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِی بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَ عَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَ زِدْنِی عِلْمًا] ترجمہ: ''اے اللہ! جو تو نے مجھے سکھایا ہے اس کے ساتھ مجھے نفع دے اور مجھے سکھا جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں اضافہ کر'' (ابن ماجہ)

14 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَ الْاَعْمَالِ وَ الْاَھْوَاءِ وَالْاَدْوَاءِ] ترجمہ:''اے اللہ! بے شک میں برے اخلاق، برے اعمال، بری خواہشوں اور بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں'' (ترمذی)

14 [اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ تَوَفَّنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ احْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ] ترجمہ:''اے اللہ! مجھ کو مسکین کر کے زندہ رکھ، اور مسکینی ہی میں مار، اور مسکینوں کی جماعت میں اٹھا''
(ابن ابی شیبہ)

15 [اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا وَ زَکِّھَآ اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاھَآ اَنْتَ وَلِیُّھَا وَ مَوْلَاھَا] ترجمہ:''اے اللہ! میرے نفس کو اُس کی پرہیز گاری عطا کر اور اس کو پاکیزگی عطا کر تو ہی اس کا

بہترین پاک کرنے والا ہے تو اس کا کارساز اور مولیٰ ہے" (مسلم)

16 [اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلَیَّ کُلَّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ] ترجمہ: "اے اللہ! جو چیز تو نے مجھے عطا فرمائی ہے اس میں مجھے قناعت اور برکت دے اور ہر غائب ہونے والی چیز پر بھلائی کے ساتھ میرا نگہبان اور محافظ ہو" (الحاکم)

17 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَ حُبَّ مَنْ یُحِبُّکَ وَالعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبُّکَ] ترجمہ: "اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت اور ہر اس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے، اور اس عمل کی محبت کا جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے" (ترمذی)

18 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ الصِّحَّهَ وَالْعِفَةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخَلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدْرِ] ترجمہ: "اے اللہ! بے شک میں تجھ سے صحت (تندرستی) پاک دامنی، دیانت داری، خوش خلقی اور تقدیر پر راضی رہنا مانگتا ہوں" (مشکٰوۃ)

19 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَةِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ] ترجمہ: "اے اللہ! بے شک میں محتاجی سے، رزق کی کمی اور ذلت سے، تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس بات سے کہ ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں" (النسائی)

20 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْکِ الشَّقَآءِ وَ سُوْءِ الْقَضَآءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ] ترجمہ: "اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں بلا کی مشقت سے، بدبختی پا لینے سے، بری تقدیر اور دشمنوں کے خوش ہونے سے" (بخاری)

21 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَ تَحَوَّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَائَةِ نِقْمَتِکَ وَ جَمِیْعِ سَخَطِکَ] ترجمہ: "اے اللہ! بے شک میں تیری نعمتوں کے زوال سے اور تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے، اور تیری سزا کے اچانک وارد ہو جانے سے، اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں" (مسلم)

22 [اَللّٰھُمَّ رَحْمَتِکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ ، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ] ترجمہ: ’’اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں، پس ایک لمحے کے لئے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر، اور میرے سب کام سنوار دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں‘‘

(ابوداؤد)

24 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَۃٍ لَّا یُسْتَجَابُ لَھَا] ترجمہ: ’’اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دِل سے جو نہ ڈرے، اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو، اور اس دعا سے جو قبول نہ ہو‘‘ (مسلم)

25 [اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا] ترجمہ: ’’اے اللہ! تو مجھے بہت صبر کرنے والا، اور بہت شکر کرنے والا بنا دے اور مجھے میری نظر میں چھوٹا، اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنا دے‘‘ (حِصن حصین)

26 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ یَوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَیْلَۃِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَۃِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِالْمُقَامَۃِ] ترجمہ: ’’اے اللہ! بے شک میں برے دن، بری رات، بری گھڑی، برے دوست، اور سکونت کے گھر میں برے ہمسائے سے تیری پناہ مانگتا ہوں‘‘

(طبرانی)

26 [اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَ جَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ھَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ] ترجمہ: ’’اے اللہ! میری خطا، میری نادانی، اور میرے کام میں زیادتی، اور (وہ گناہ) جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے (ان سب کو) بخش دے۔ اے اللہ! مجھ کو ہنسی (مذاق) میں سے کیے ہوئے میرے گناہ اور قصداً کیے ہوئے، اور بھول کر کئے ہوئے، اور جان کر کئے ہوئے (سب) بخش دے، اور یہ سب عیب میرے اندر ہیں‘‘ (بخاری)

27 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَالَمْ

اَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِ کُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ] ترجمہ: ''اے میرے اللہ! بے شک میں تجھ سے، تمام بھلائیاں جلد ملنے والی (دنیا کی)، اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی)، جن کو میں جانتا ہوں اس میں سے، اور جن کو میں نہیں جانتا (سب) مانگتا ہوں، اور جلد ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام برائیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں، خواہ میں ان کو جانتا ہوں یا نہیں جانتا'' (ابن ماجہ)

28 [اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَآءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْکَذِبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَهِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرِ] ترجمہ: ''اے اللہ! میرے دِل کو نفاق سے، میرے عمل کو ریا و نمود سے اور میری زبان کو جھوٹ سے، اور میری آنکھوں کو خیانت سے پاک کر دے، اور بے شک تو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کی چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے'' (البیہقی)

29 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسئَلُکَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ وَّاَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّ اَسئَلُکَ اَنْ تَجْعَلَ کُلَّ قَضَآءٍ قَضَیْتَهٗ لِیْ خَیْرًا] ترجمہ: ''اے اللہ! بے شک میں تجھ سے جنت، اور ہر وہ بات یا عمل جو جنت کے قریب کر دے۔ مانگتا ہوں اور دوزخ سے، ہر اس بات یا عمل سے جو دوزخ کے قریب کرے اس سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اور تجھ سے ہر اُس فیصلے کا سوال کرتا ہوں جو تقدیر کو میرے حق میں بہتر بنا دے'' (حاکم)

30 [اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّهٗ عِنْدَکَ ، اَللّٰهُمَّ مَا رَزَقْنِیْ ، مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ ، اَللّٰهُمَّ مَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ] ترجمہ: ''اے اللہ! مجھ کو اپنی محبت عطا کر اور اس شخص کی محبت دے جس کی محبت مجھے تیرے نزدیک ہونے میں فائدہ دے۔ اے اللہ! جو تو نے مجھ کو عطا کیا ہے، جس سے میں محبت کرتا ہوں تو اس کو میرے ان کاموں کے لیے قوت کا سبب بنا دے، جن سے تو محبت رکھتا ہے، اے اللہ! جو تو نے مجھ سے لے لیا ہے، جس سے میں محبت کرتا ہوں تو اس کو میرے ان کاموں کے لیے فراغت کا باعث بنا جس سے تو محبت

کرتا ہے“ (ترمذی)

31 [اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ الْاَشْیَآءِ اِلَیَّ وَاجْعَلْ خَشْیَتَکَ اَخْوَفَ الْاَشْیَآءِ عِنْدِیْ وَاقْطَعْ عَنِّیْ حَاجَاتِ الدُّنْیَا بِالشَّوْقِ اِلٰی لِقَائِکَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْیُنَ اَھْلِ الدُّنْیَا مِنْ دُنْیَاھُمْ فَاَقْرِرْ عَیْنِی مِنْ عِبَادَتِکَ] ترجمہ: ”اے اللہ! اپنی محبت میرے دل میں ہر چیز کی محبت سے بڑھادے اور اپنا خوف ہر چیز کے خوف سے زیادہ کردے، اور دنیا کی ہر طلب پر اپنی ملاقات کا شوق غالب کردے۔ اور جب دنیاوالوں کو تُو ان کی دنیا کی ٹھنڈک اور لذت دے، تو میری آنکھوں کی لذت اور ٹھنڈک اپنی بندگی میں رکھ دے“

32 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلْبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ]
ترجمہ: ”اے اللہ! میں ہر فکر اور غم سے، عاجزی اور سستی اور بزدلی اور بخل سے قرض کے غالب آجانے سے اور لوگوں کے مسلّط ہوجانے سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں“ (مشکٰوۃ)

33 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ من التَّرَدِّیْ وَالھَدْمِ وَالغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَالْمَوتِ وَاَعُوذُبِکَ اَنْ اُقْتَلَ فِیْ سَبِیلِکَ مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا“ ترجمہ: ”اے اللہ! بے شک میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے، مکان سے گر کر مرنے سے، اور مکان کے نیچے دب کر مرنے سے، اور ڈوب کر مرنے سے، اور جل کر مرنے سے، اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے کہ مرنے کے قریب شیطان مجھ کو اچک لے اور یہ کہ تیری راہ میں پیٹھ پھیر کر مارا جاؤں اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے کہ (سانپ وغیرہ) کے ڈسنے سے مروں“ (ابوداؤد)

34 [اَللّٰھُمَ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِی دُنْیَایَ فِیھَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیْ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیْ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاۃَ زِیَادَۃً لِّی فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ] ترجمہ: ”اے اللہ! تو

میرے دین کوسنوار دے جومیرے کام کی حفاظت کرنے والا ہے اور میری دنیا سنوار دے جس میں میری روزی ہے اور میری آخرت سنوار دے جہاں میں نے لوٹ کر جانا ہے اور میری زندگی کو بھلائی کی زیادتی کا سبب، اور موت کی ہر برائی سے راحت کا سبب بنادے'' (مسلم)

35 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْھَرَمِ وَالْقَسْوَۃِ وَالْغَفْلَۃِ وَالذِّلَہِ وَالْمَسْکَنَۃِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْکُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَالسُّمْعَۃِ وَالرِّیَآءِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الصَّمَمِ وَالبَکَمِ وَالْجُنُونِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَیِّ ءِ الْاَسْقَامِ] ترجمہ: ''اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے، قرض اور بخل سے انتہائی بڑھاپے، سختی اور غفلت سے، مفلسی، ذلت اور ناداری سے، اور میں پناہ مانگتا ہوں محتاجی، کفر نافرمانی، مخالفت اور نفاق سے اور بری شہرت اور دِکھاوے سے اور میں بہرے پن سے اور گونگا ہونے سے اور پاگل پن ،کوڑھ اور برص سے اور تمام بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں'' (حاکم)

36 [اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ مَاضٍ فِیْ حُکْمُکَ عَدْلُ فِیُ قَضَاءُ کَ اَسْاَلُکَ بِکُلِّ اسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِہٖ فِیُ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیُ وَنُوْرَ صَدْرِیُ وَجَلَاءَ حُزْنِیُ وَذَھَابَ ھَمِّیُ وَ غَمِّیُ] ترجمہ: ''اے اللہ! میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں، تیری بندی کا بیٹا ہوں۔ میری پیشانی تیرے قابو میں ہے، میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے، تیرا فیصلہ میرے بارے میں اِنصاف کے ساتھ ہے میں سوال کرتا ہوں تیرے اس نام کے ساتھ جو تو نے اپنے لئے پسند کیا یا اپنی کتاب میں تو نے اتارا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا اپنے علم غیب میں تو نے اسے اختیار کر رکھا ہے۔ یہ کہ تو قرآن کو میرے دِل کی بہار اور میرے سینے کا نور بنادے اور میرے رنج وغم کو اور میری پریشانیوں کو دور کرنے کا ذریعہ بنادے'' (احمد)

37 [اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِی قَلْبِیُ نُوْرًا وَّ فِیْ سَمْعِیُ نُوْرًا وَّ عَنْ یَمِیْنِیُ نُوْرًا وَّ عَن

يَسَارِىْ نُوْرًا وَّ فَوْقِىْ نُوْرًا وَّ تَحْتِىْ نُوْرًا وَّ اَمَامِىْ نُوْرًا وَّ خَلْفِىْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ لِّىْ نُوْرًا وَّ فِىْ لِسَانِىْ نُوْرًا وَّ عَصَبِىْ نُوْرًا وَّ لَحْمِىْ نُوْرًا وَّ دَمِىْ نُوْرًا وَّ شَعْرِىْ نُوْرًا وَّ بَشَرِىْ نُوْرًا وَّ جْعَلْ فِىْ نَفْسِىْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِىْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِىْ نُوْرًا] ترجمہ: ''اے اللہ! کردے میرے دل میں نور اور میری آنکھوں میں نور اور میرے کانوں میں نور اور میرے دائیں نور اور میرے بائیں نور اور میرے اوپر نور اور میرے نیچے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور اور بنادے میرے لئے نور ہی نور اور میری زبان میں نور کردے اور کردے میرے پٹھے نورانی اور میرا گوشت نورانی اور میرا خون نورانی اور میرے بال نورانی اور میری جلد نورانی اور میرا نفس نورانی اور بڑھادے میرے لیے نور۔ اے اللہ مجھے نور عطا فرما'' (بخاری)

38 [رَبِّ اَعِنِّىْ وَلَا تُعِنْ عَلَىَّ ، وَانْصُرْنِىْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَىَّ وَامْكُرْلِىْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَىَّ وَاهْدِنِىْ وَيَسِّرِ الْهُدٰى اِلَىَّ وَانْصُرْنِىْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَىَّ ، رَبِّ اجْعَلْنِىْ لَكَ شَكَّارًا لَّكَ ذَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا اِلَيْكَ مُخْبِتًا اَوَّاهًا مُّنِيْبًا ، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِىْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِىْ وَاَجِبْ دَعْوَتِىْ وَثَبِّتْ حُجَّتِىْ ، وَاهْدِ قَلْبِىْ وَسَدِّدْ لِسَانِىْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ قَلْبِىْ] ترجمہ: ''اے اللہ! میری مدد فرما اور میرے خلاف میرے دشمنوں کی مدد نہ کر اور مجھے غلبہ دے اور میرے دشمنوں کو مجھ پر غلبہ نہ دے اور میرے لئے تدبیر کر اور میرے نقصان پر ان کے لیے تدبیر نہ کر اور ہدایت کو میرے لیے آسان کردے اور کر اس کے خلاف میری مدد جو مجھ پر ظلم کرے۔ اے میرے رب! بنادے مجھ کو کہ میں تیرا بہت شکر کرنے والا، تیرا بہت زیادہ ذکر کرنے والا، تجھ سے بہت ڈرنے والا، تیری بہت اطاعت کرنے والا، تیرے لیے عاجزی کرنے والا، گڑگڑانے والا، رجوع کرنے والا ہوجاؤں، اے میرے رب! میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ دھو، اور میری دعا قبول کر اور میری دلیل ثابت رکھ اور میرے دل کو ہدایت دے اور میری زبان سیدھی رکھ اور میرے دل سے کینہ کو نکال دے'' (ابوداؤد)

39 [اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ ، وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ ، اَحْيِنِىْ مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِّىْ ، وَتَوَفَّنِىْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّىْ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِىْ

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ، وَاَسْئَلُکَ کَلِمَةَ الْحَقِّ فِیْ الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُکَ الْقَصْدَ فِیْ الغِنٰی وَالفقرِ ، وَاَسئَلُکَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ ، وَاَسْئَلُکَ قُرَّةَ عَیْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُکَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَآءِ وَاَسْئَلُکَ بَرْدَالْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَاسْئَلُکَ لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْهِکَ ، وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَآئِکَ فِیْ غَیْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ ، اَللّٰهُمَّ زَیِّنَّا بِزِیْنَةِ الْاِیْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِیْنَ] ترجمہ: ’’اے اللہ! تو اپنے علم غیب کی برکت سے اور اپنی اس قدرت کے ذریعے جو تیری مخلوق پر ہے مجھے زندہ رکھ جب تک کہ تو جانتا ہے کہ میرے لیے زندہ رہنا بہتر ہے اور مجھے موت دے جب کہ تو جانتا ہے کہ میرے لئے موت بہتر ہے۔ اے اللہ! میں ظاہر اور باطن میں تیرا خوف چاہتا ہوں اور خوشی اور غصے کے وقت حق بات کہنے کی توفیق چاہتا ہوں اور غنی اور محتاجی میں میانہ روی چاہتا ہوں اور نہ ختم ہونے والی نعمت مانگتا ہوں اور نہ قطع ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتا ہوں اور تقدیر کے فیصلے کے بعد اس پر راضی ہونے کا سوال کرتا ہوں اور موت کے بعد اچھے عیش کا طالب ہوں اور تیرے چہرۂ نور کو دیکھنے کی لذت کا آرزومند ہوں اور بغیر کسی ایسی تکلیف کے جو نقصان پہنچائے تیری ملاقات کا شائق ہوں اور بغیر کسی ایسے فتنہ کے جو گمراہ کر دے۔ اے اللہ! تو ہم کو ایمان کی زینت سے مزین کر دے اور ہم کو ہدایت یافتہ لوگوں کا رہنما دے‘‘ (نسائی)

40 [اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَآءِ وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَالْعَمَلِ وَخَیْرَالثَّوَابِ وَخَیْرَالْحَیَاةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ ، وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ ، وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَاتِیْ ، وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ ، وَاغْفِرْ خَطِیْئَتِیْ ، وَاَسْئَلُکَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ ، وَاٰخِرَهٗ ، وَظَاهِرَهٗ ، وَبَاطِنَهٗ ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیْن. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْفَعَ ذِکْرِیْ ، وَتَضَعَ وِزْرِیْ وَتُصْلِحَ اَمْرِیْ ، وَتُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَتُحَصِّنَ فَرْجِیْ وَتُنَوِّرَ قَلْبِیْ وَتَغْفِرَلِیْ ذَنْبِیْ ، وَاَسْئَلُکَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیْن. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُبَارِکَ فِیْ نَفْسِیْ ،

وَفِيْ سَمْعِيْ ، وَفِيْ بَصَرِيْ ، وَفِيْ رُوْحِيْ ، وَفِيْ خَلْقِيْ ، وَفِيْ خُلُقِيْ ، وَفِيْ اَهْلِيْ ، وَفِيْ مَحْيَايَ ، وَفِيْ مَمَاتِيْ ، وَفِيْ عَمَلِيْ ، وَ تَقَبَّلْ حَسَنَاتِيْ وَاَسْئَلُکَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ آمِيْن] ترجمہ: ”اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور بہترین دعا اور بہترین موت مانگتا ہوں اور مجھ کو ثابت قدم رکھ (اِسلام پر) اور میرے اعمال وزنی کر اور میرا ایمان ثابت رکھ اور میرا درجہ بلند کر اور میری نماز قبول کر اور میری خطائیں بخش دے اور میں تجھ سے جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں ۔اے اللہ! بے شک میں تجھ سے بھلائی کے آغاز اور اس کے اختتام اور جامع بھلائیاں اور بھلائی کا اول اور آخر ظاہر باطن اور جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں (الٰہی قبول کر)۔اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے ذکر کو بلند کر دے اور میرے گناہوں کا بوجھ اتار دے۔میرے حال کی اصلاح کر دے اور میرے دل کو پاک کر دے اور میری شرمگاہ کو محفوظ رکھ اور میرے دل کو منور کر دے اور میرے گناہ بخش دے اور جنت کے بلند درجے کا سوال کرتا ہوں ۔(الٰہی قبول کر) اے اللہ! بے شک میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو میرے نفس میں اور میری سماعت میں اور میری نگاہ میں اور میری روح میں اور میری تخلیق میں اور میرے اخلاق میں اور میرے اہل وعیال میں ،اور میری زندگانی میں اور میرے مرنے میں اور میرے عمل میں برکت دے اور تو میری نیکیاں قبول کر اور میں تجھ سے جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں“ (الحاکم)

41 [اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِکْ لَنَا فِيْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَاتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ] ترجمہ: ”اے اللہ! ہمارے دِلوں میں الفت ڈال دے اور ہماری اِصلاح کر اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا اور ہمیں گناہوں کے اندھیروں سے ہدایت کی روشنی کی طرف نجات دے اور ہمیں ظاہر اور چھپے ہوئے گناہوں سے بچا اور ہمارے لیے ہماری سماعتوں، ہماری بینائیوں، ہمارے دلوں، ہماری بیویوں اور ہماری اولاد میں برکت دے اور ہماری توبہ قبول کر، بے شک تُو ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے“ (الحاکم)

42 [اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِــرَۃِ] ترجمہ: ’’اے اللہ! سب کاموں میں ہمارا انجام اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا‘‘ (مسند احمد)

43 [اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ] ترجمہ: ’’اے اللہ! بے شک ہم تجھ سے ہر اُس چیز کی بھلائی مانگتے ہیں جو تجھ سے تیرے نبی محمد ﷺ نے مانگی اور ہر اس چیز کی برائی سے پناہ مانگتے ہیں جسے سے تیرے نبی محمد ﷺ نے پناہ مانگی، اور اے اللہ! تُو ہی ہے جس سے مدد مانگی جاسکتی ہے۔ اور تیرے ہی ذمہ حق پہنچانا ہے اور اللہ تعالیٰ کی (مدد کے) بغیر گناہوں سے پھرنے کی طاقت اور (عبادت کی) قوت حاصل نہیں ہوسکتی‘‘ (ترمذی)

44 [اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِکَ مَا تَحُوْلُ بِہٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعْصِیَتِکَ، وَمِنْ طَاعَتِکَ مَا تُبَلِّغُنَا بِہٖ جَنَّتَکَ، وَمِنَ الْیَقِیْنِ مَا تُھَوِّنُ بِہٖ عَلَیْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْیَا. اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّاتِنَا مَا اَحْیَیْتَنَا وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰی مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰی مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا فِیْ دِیْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَا اَکْبَرَ ھَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَا یَرْحَمُنَا].

ترجمہ: ’’اے اللہ! تو ہمیں اپنا ایسا خوف عطا فرما جو ہمارے درمیان اور ہمارے گناہوں کے درمیان حائل ہوجائے، اور ایسی اطاعت عنایت فرما جو ہمیں تیری جنت میں پہنچادے، اور ایسا یقین جس سے تو ہماری دنیا کی مصیبتوں کو آسان کردے اور جب تک تو ہمیں زندہ رکھے تو ہمارے کانوں، آنکھوں، اور قوتوں سے ہمیں فائدہ پہنچا اور ہر ایک کو ہمارا وارث بنا۔ اور ہمارا انتقام ہمارے ظالموں پر مقرر فرما اور ہمارے دشمنوں پر ہماری مدد فرما اور ہمارے دین میں مصیبت نہ ڈال، اور دنیا کو ہمارے لیے غم کی چیز نہ بنا اور نہ ہمارے انتہائی علم کا ذریعہ بنا اور نہ کسی ایسے (انسان یا فرشتے) کو ہم پر مسلط فرما جو ہمارے حال پر رحم نہ کرے‘‘ (ترمذی)